## بدھ: یہ حضرت امام موسیٰ کاظمؑ حضرت امام علی رضاؑ حضرت امام محمد تقیؑ اور امام علی نقیؑ کا دن ہے

### چاروں ائمہ علیہم السلام کی زیارت

**اَلسَّلامُ عَلَيْكُمْ يَا أَوْلِيَاءَ اللهِ، اَلسَّلامُ عَلَيْكُمْ يَا حُجَجَ اللهِ، اَلسَّلامُ عَلَيْكُمْ يَا نُورَ اللهِ فِي ظُلُمَاتِ**

آپ پر سلام ہو اے اولیاء خدا آپ پر سلام ہو جو خدا کی دلیل و حجت ہیں آپ پر سلام ہو جو زمین کی

**الْاَرْضِ، اَلسَّلامُ عَلَيْكُمْ، صَلَوَاتُ اللهِ عَلَيْكُمْ وَعَلَى آلِ بَيْتِكُمُ الطَّيِّبِينَ الطَّاهِرِينَ، بِأَبِي أَنْتُمْ**

تاریکیوں میں خدا کا نور ہیں آپ پر سلام ہو خدا کی رحمتیں ہوں آپ پر اور آپ کے پاک و پاکیزہ

**وَأُمِّي،لَقَدْ عَبَدْتُمُ اللهَ مُخْلِصِينَ، وَجَاهَدْتُمْ فِي اللهِ حَقَّ جِهَادِهِ حَتَّى أَتَاكُمُ الْيَقِينُ فَلَعَنَ اللهُ**

اہلبیتؑ پر آپ پر میرے ماں باپ قربان آپ نے مخلصانہ طور پر خدا کی عبادت کی اور خدا کی راہ میں جہاد کیا جس طرح جہاد کرنے کا حق ہے حتی کہ آپ

**أَعْدَائَكُمْ مِنَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ أَجْمَعِينَ وَأَنَا أَبْرَأُ إِلَى اللهِ وَ إِلَيْكُمْ مِنْهُمْ، يَا مَوْلَايَ يَا أَبَاإِبْرَاهِيمَ**

کی اجل آگئی پس خدا لعنت کرے آپ کے تمام دشمنوں پر جو جنوں اور انسانوں میں سے ہیں میں آپکے اور خدا کے سامنے ان سے برائت کرتا ہوں اے

**مُوسَى بْنَ جَعْفَرٍ، يَامَوْلَايَ يَا أَبَا الْحَسَنِ عَلِيَّ بْنَ مُوسَى، يَا مَوْلَايَ يَا أَبَا جَعْفَرٍ مُحَمَّدَ بْنَ عَلِيٍّ**

میرے سردار اے ابوابراہیم موسیٰ کاظمؑ بن جعفر صادقؑ اے میرے سردار اے ابوالحسنؑ علی رضاؑ بن موسیٰ کاظمؑ اے میرے سردار اے ابوجعفر محمد تقیؑ بن علی رضاؑ

**يَا مَوْلَايَ يَا أَبَا الْحَسَنِ عَلِيَّ بْنَ مُحَمَّدٍ، أَنَا مَوْلًى لَكُمْ مُؤْمِنٌ بِسِرِّكُمْ وَجَهْرِكُمْ، مُتَضَيِّفٌ بِكُمْ**

اے میرے سردار اے ابوالحسنؑ علی نقیؑ بن محمد تقیؑ! میں آپ سب کا غلام ہوں آپکے نہاں وعیاں پر ایمان رکھتا ہوں

**فِي يَوْمِكُمْ هٰذَا وَهُوَ يَوْمُ الْاَرْبَعَاءِ وَمُسْتَجِيرٌ بِكُمْ، فَأَضِيفُونِي وَأَجِيرُونِي بِآلِ بَيْتِكُمُ**

یہ آپ کا دن ہے میں اس میں آپ کا مہمان ہوں۔ یہ بدھ کا دن ہے اور آپ کی پناہ میں ہوں پس میری مہمانوازی کیجیے اور مجھے پناہ دیجیے۔

**الطَّيِّبِينَ الطَّاهِرِينَ**

آپکو آپکے پاک و پاکیزہ خاندان کا واسطہ دیتا ہوں۔